20039-خنزیر کے مشتقات پر مشتمل حرام کھانے

سوال

وہ کونسی اشیاء ہیں جو کھانے میں ملائی جائیں تو اسے حرام کردیتی ہیں ؟
ہالینڈ میں خبروں کے دوران چائینی ذائقہ جسے (ve-tsn) کا نام دیا جاتا ہے کے متعلق ایک رپورٹ پیش کی گئی کہ یہ خنزیر کی انزیمٹ اور پروٹین پر مشتمل ہوتی ہے تو کیا یہ مسلمانوں پر حرام کردیتی ہے ؟

جب کوئی شخص مارکیٹ جاتا ہے تو اکثر اشیاء ایسی ہوتی ہیں جن میں (E) اور (C) مواد بطور رنگ اور ذائقہ کے پایا جاتا ہے، اور اس کے مصدر کا علم نہیں کہ یہ مواد کس چیز سے بنا ہے، بہت سارے لوگ اسے بغیر کسی تردد کے خرید لیتے ہیں جو کہ شیطان کی مصلحت میں ہے.

میں اپنے خاندان اور اپنے دوست واحباب کو اس جہالت سے بچا کر رکھنا چاہتا ہوں، کیا کوئی شخص میرا تعاون کرتے ہوئے مجھے حرام مواد پر مشتمل اشیاء کی فہرست دے سکتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

مباح کھانے والی اشیاء میں جب کوئی
حرام چیز مثلا خنزیر کا کوئی بھی جز شامل کردیا جائے تو یہ حرام ہوجائیگی، چاہے
اس کی مقدار کتنی بھی قلیل ہی ہو، یا پھر اس کا نام تبدیل کردیا گیا ہو.

اسی طرح مسلمان شخص کے لیے ضروری ہے
کہ وہ اپنی خوراک میں جدوجہد اور کوشش کرے، اور اگر کچھ ایسے نام ہوں جو اس کھانے
کے مرکب میں شامل ہوں تو اس کے لیے واجب ہے کہ وہ اس کے متعلق دریافت کرے، یا پھر
ورع اور تقوی اختیار کرتے ہوئے اسے ترک کردے.